## کراچی چیمبر آف کامرس کے صدر سعید شفیع کی سربراہی میں وفد کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔30،نومبر 2010ء

کراچی چیمبر آف کامرس کے صدر سعید شفیع کی سربراہی میں ایک وفد نے پیر کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار اور رکن رابطہ کمیٹی رضا ہارون سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست سینٹر احمد علی،ارکان قومی اسمبلی رشید گوڈیل اور خواجہ سہیل بھی موجود تھے۔وفد کے ارکان میں وفد کے ارکان شمیم فرفو،شمیم فاروقی،اے کیو خلیل،محمد عارف شامل تھے۔ملاقات میں ملک کی مجموعی معاشرتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس دوران سعید شفیع اور وفد کے دیگر ارکان نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کو ملکی تجارتی اور صنعت کاروں،تاجر برادری کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا نیز ملکی دیگر گوں معاشی حالت اور صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے مختلف تجاویز بھی پیش کی گئیں اور معاشی صورتحال سمیت نجی صنعتوں کے شعبوں میں دوستانہ تعلقات کو فروغ دینے کے امور پر گفتگو کرتے ہوئے اپنے تحفظات سے آگاہ کیا اور انکے حل کیلئے اپنی گزارشات بھی پیش کی گئیں۔ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر اراکین نے تاجر و کاروباری برادری کے نمائندوں کو بغور سنا اور اس سلسلے میں وفد کے ارکان کو ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور وفد کے بعض حکومتی اقدامات کے حوالے سے تحفظات کو دور کرنے کیلئے انہیں یقین دلایا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے حکومت کی حلیف جماعت ہوتے ہوئے پوری ذمہ داری کیساتھ ایسی متبادل تجاویز بھی پیش کیں ہیں جس سے ملکی وسائل میں بھی اضافہ کیا جاسکے معیشت کی رفتار کو بہتر اور عام آدمی کو ملکی معاشی ترقی میں شریک کیا جاسکے نیز متحدہ قومی موومنٹ نے اس بات کا بھی یقین دلایا کہ تجارتی و کاروباری فروغ کیلئے اپنی کاوشوں کو جاری وساری رکھے گی اس سلسلے میں کاروباری تجارتی و کاروباری برادریو ں سے مکمل رابطہ رکھا جائے کیونکہ نجی شعبوں کی شراکت سے ہی قومی ترقی کے اہداف حاصل کئے جاسکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم تاجر و کاروباری برادریوں کے افراد مہنگائی،غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کرے۔بعدازاں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کراچی چیمبر آف کامرس کے صدر سعید شفیع اور دیگر ارکان کا نائن زیرو آمد پر انکا شکریہ ادا کیا اور اپنی نیک دلی خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

☆☆☆☆☆